شمارہ نمبر
01

# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

فروری 2019ء بمطابق جمادی الثانی 1440ھ

## فرمانِ الٰہی

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ

(سورہ ص آیت 29)

(اے پیغمبر) یہ ایک بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ ﷺ پر اس لیے اتاری ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں، اور تاکہ عقل رکھنے والے نصیحت حاصل کریں۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اقْرَءُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفِيعًا لِأَصْحَابِهِ (صحیح مسلم)

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآنِ مجید پڑھا کرو کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کے حق میں سفارش کرے گا۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہ فروری کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین انجمن خدام القرآن سندھ کراچی اپنی مادرِ انجمن یعنی مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی اقتداء میں خبر نامہ انجمن کے اجراء کا ارادہ کیے ہوئی تھی۔ لیکن عرصہ تین سال سے اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے میں کچھ مشکلات در پیش تھیں۔ الحمد للہ اب صدرِ انجمن جناب ثاقب رفیع شیخ صاحب کی ہدایات کے موافق خبر نامہ کا اجراء کیا جارہا ہے۔ اس سے پیشِ نظر یہ ہے کہ اراکینِ انجمن تک مختلف نوعیت کے ہونے والے پروگرامات کی اطلاع بروقت دی جاسکے۔ انجمن اور اُس کے ذیلی اداروں کی کارکردگی احبابِ انجمن تک بسہولت پہنچ سکے۔ فی الوقت ان شماروں کا انٹرنیٹ ایڈیشن شائع کرنے پر اکتفاء کیا جارہا ہے۔

والسلام
شجاع الدین شیخ
مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

## انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

انجمن خدام القرآن سندھ کا قیام ۱۹۸۶ء بمطابق ۱۴۰۷ھ میں عمل میں آیا۔ انجمن خدام القرآن سندھ کے قیام کا مقصد علومِ قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت ہے۔ اسی وجہ سے قرآن اکیڈمیز کا سلسلہ شروع کیا گیا جن کے قیام کا مقصد انہی علومِ دینیہ کی ترویج تھا۔ اس انجمن کے تحت فی الوقت جو ادارے قائم ہیں ان میں تین قرآن اکیڈمیز، ایک قرآن انسٹیٹیوٹ، ایک قرآن مرکز اور ایک اسکول شامل ہے۔ ذیل میں انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت قائم کردہ اداروں اور اس میں جاری سرگرمیوں کا بنیادی تعارف بیان کیا جا رہا ہے۔

قرآن اکیڈمیز اور قرآن انسٹیٹیوٹز میں بنیادی تعلیمی سرگرمی رجوع الی القرآن کورس ہوتی ہے۔ اس کورس کا مقصد جدید تعلیم یافتہ حضرات و خواتین کو ناگزیر علوم سے آشنائی کروانا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ان تصوراتِ دینیہ کی تفہیم ہے جن سے دینی ذمہ داریوں کی ادائیگی کی عملی صورت واضح ہوتی ہے۔ اس کورس میں تجوید، بنیادی عربی گرامر، قرآن کے منتخب مقامات کی تفصیلی تدریس، علمِ حدیث اور سیرت جیسے مضامین کی تدریس پیشِ نظر رہتی ہے۔ مزید برآں دورہ ترجمہ قرآن، عقیدہ و فقہ، دینی و تحریکی لٹریچر کے علاوہ توسیعی محاضرات بھی شاملِ تدریس رہتے ہیں۔ اسی طرز کے نسبتاً مختصر نصاب کے کورسز شام کے اوقات میں بھی جاری رہتے ہیں۔ شارٹ کورسز کا ایک اور طریقہ بھی مروج ہے جس میں کسی ایک مضمون پر ہفتہ وار کلاسز کا انعقاد ہوتا ہے۔ اس طرح کے کورسز میں عموماً عربی گرامر کی تدریس کی جاتی ہے۔

ان تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ مستقل مواقع پر متفرق موضوعات پر دروس و مواعظ کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ ان مواعظ میں عموماً عوام الناس کو بھی دعوتِ شرکت ہوتی ہے۔ ان تعلیمی و تبلیغی سرگرمیوں کا انعقاد مندرجہ ذیل اداروں میں ہوتا ہے۔

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

انجمن ہذا کے تحت اولاً قرآن اکیڈمی ڈیفنس ۱۹۹۱ء میں قائم ہوئی۔ اس اکیڈمی میں رجوع الی القرآن کورس، مدرسۃ البنین للحفظ والقراءۃ اور حلقہ منتخباتِ علومِ دینیہ جیسے کورسز جاری ہیں۔ اس کے علاوہ شام کے اوقات اور ویک اینڈ میں صبح کے اوقات میں مختلف کورسز جاری ہیں۔ جن میں نمایاں یہ ہیں: قرآن اب آسان، قرآنِ مجید کی صرفی و نحوی تحلیل۔ علاوہ ازیں اتوار کو عربی کا کورس "Lessons of Arabic Language" کے نام سے جاری ہے۔ "ایکٹیو ویک اینڈ" کے عنوان سے بچوں اور بچیوں کے لیے ہفتہ وار مطالعۂ قرآنِ حکیم و دینی تربیتی کورس بھی جاری ہے۔ اس کے علاوہ ہر مہینے کے پہلے جمعہ کو جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا ماہانہ درسِ قرآن و حدیث کا انعقاد ہوتا ہے نیز مدیرِ ادارہ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب کا ہفتہ واری بنیادوں پر دورۂ ترجمہ قرآن اور سیرت النبی ﷺ پر بیان بھی ہوتا ہے۔

قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے زیرِ اہتمام مسجد جامع القرآن میں درسِ حدیث، آداب و اخلاق اور عمومی فقہی مسائل کا بیان بھی ہوتا ہے۔ جس کی ذمہ داری امامِ مسجد قاری امداد اللہ صاحب کے پاس ہے۔

شعبہ دعوت و تبلیغ کے تحت گزشتہ ماہ 14 تقریباتِ نکاح منعقد ہوئیں۔ علاوہ ازیں پانچ خطباتِ جمعہ ہوئے جن کی ذمہ داری جناب عامر خان صاحب ادا کر رہے ہیں۔

شعبہ تصنیف و تالیف کے تحت گزشتہ ماہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے خطابات بعنوان "دجل اور دجّالیت"، "اقامتِ دین کی جدو جہد میں سُستی کے اسباب"، "شہادت علی الناس" اور "قرآنی فکر کے چار زاویے" کی تحریر میں منتقلی کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ جنہیں کمپوز کیا جا رہا ہے۔

شعبۂ ترجمہ کے تحت گزشتہ ماہ تک "مطالعۂ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب" کے تین حصوں کا ترجمہ انگریزی زبان میں مکمل ہو چکا ہے جب کہ چوتھے حصے پر کام جاری ہے۔ "تعارفِ تنظیمِ اسلامی" نامی کتاب کے عقائد کے حصہ کا ترجمہ پر کام جاری ہے۔ "اسلام کا اخلاقی و روحانی نظام" کے عنوان سے محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے کتابچے کا انگریزی ترجمہ جاری ہے۔

مدرسۃ البنین کے طلبہ کے لیے ہفتہ میں ایک تربیتی لیکچر کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ گزشتہ ماہ اس کی تین نشستیں منعقد ہوئیں۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

ثانیاً ۱۹۹۵ء میں قرآن اکیڈمی کورنگی کا قیام عمل میں آیا۔ صبح کے اوقات میں رجوع الی القرآن کورس کی تدریس جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مدرسۃ

القرآن للبنین والبنات بھی جاری ہے۔ جس میں بچوں اور بچیوں کے لیے ناظرۂ قرآنِ حکیم کا اہتمام ہے۔ علاوہ ازیں بچوں کے لیے شعبہ حفظ بھی قائم ہے۔مزید برآں شام کے اوقات میں عربی گرامر کی کلاس کا انعقاد بھی ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ اکیڈمی سے ملحق مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد عشاء مدیرِ ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب کا درسِ قرآن بھی منعقد ہوتا ہے۔علاوہ ازیں مسجدِ ھٰذا میں خطابِ جمعہ کی ذمہ داری بھی مدیرِ ادارہ ہی کے پاس ہے۔اکیڈمی ھٰذا میں گزشتہ ماہ پانچ مجالسِ نکاح منعقد ہوئیں۔ خواتین کے لیے تجوید القرآن کی کلاس کاانعقاد بھی کیا جارہا ہے۔علاوہ ازیں خواتین کے لیے ماہانہ درسِ قرآن بھی منعقد ہوتا ہے۔اسی اکیڈمی سے ملحق The Hope Islamic School بھی قائم ہے جس میں میٹرک تک کلاسز منعقد ہوتی ہیں اور اس میں تقریباً ۷۰۰ طلبہ وطالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ اسکول میں حفاظ کے لیے نئی کلاس کا انتظام کیا گیا ہے جس میں انہیں پہلے سال میں چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعت کے مضامین پڑھائے جائیں گے اور پھر دوسرے سال میں انہیں باقاعدہ نویں جماعت میں شامل کیا جائے گا۔ گزشتہ ماہ اسکول میں سیرت النبی ﷺ پر ایک پروگرام منعقد ہوا جس میں طلبہ نے تقاریر، نعت اور کوئز مقابلوں میں حصہ لیا۔مدیرِ ادارہ کا اسکول کے تمام اساتذہ کے ساتھ ایک تربیتی سیشن بعنوان ''اساتذہ کو کیسا ہونا چاہیے'' منعقد کیا گیا۔ نیز اسکول کے پرنسپل صاحب کا اساتذہ کے ساتھ ایک تربیتی سیشن بعنوان ''اساتذہ کی حیثیت غیر مؤثر کیوں'' کا انعقاد کیا گیا۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

اس کے بعد قرآن اکیڈمی یٰسین آباد کا قیام ۲۰۰۵ء میں عمل میں آیا، اس ادارے میں رجوع الی القرآن کورس کی تدریس الحمد للہ باقاعدگی سے جاری ہے ۔ گزشتہ ماہ اس کورس میں الحمد للہ تقریباً 35 طلبہ اور 70 طالبات کی حاضری رہی۔ اس کے علاوہ شام کے اوقات میں تجوید القرآن اور عربی گرامر کا کورس بھی حضرات کے لیے جاری ہے۔ نیز ہفتہ کو حضرات وخواتین کے لیے ''دروس اللغۃ العربیہ'' کی کلاس بھی جاری ہے۔ اسی طرح ہفتہ کو بچوں اور بچیوں کے لیے'' علم وعمل ''کے نام سے ایک کورس جاری ہے جس میں انہیں مطالعہ قرآنِ حکیم، نماز کے بنیادی مسائل اور سیرتِ صحابہ وصحابیات رضی اللہ عنہم کی تدریس کی جاتی ہے۔اتوار کو عربی گرامر کورس بھی جاری ہے۔خواتین کا تجوید القرآن کورس بھی منعقد ہو رہا ہے۔ نیز خواتین کے زیرِ اہتمام ''قرآن اب آسان'' کے نام سے کورس بھی جاری ہے۔

ادارہ ھٰذا کے تحت مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ بھی قائم ہے جس میں تقریباً ستر بچے قرآنِ مجید حفظ کر رہے ہیں۔ اب تک الحمد للہ 17 بچے اپنا حفظ مکمل کر چکے ہیں۔ گزشتہ ماہ شعبہ حفظ کے طلبہ کا ششماہی امتحان لیا گیا، امتحان لینے کے لیے ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن سے ممتحن حضرات تشریف لائے تھے الحمد للہ طلبہ کی مجموعی کارکردگی پر تسلی واطمینان کا اظہار فرمایا۔ نیز گزشتہ ماہ شعبہ حفظ کے طلبہ کے لئے تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں ہر درس گاہ کے طالب علم کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے کا موقع ملا۔ ناظرہ و قاعدہ کا مدرسۃ البنین والبنات بھی الحمد للہ جاری ہے۔ گزشتہ ماہ اس میں تقریباً 170 طلبہ وطالبات کی حاضری رہی۔ اس کے علاوہ شام کے اوقات میں رہائشی خادمین اور اہلِ محلّہ کے لیے ناظرہ قرآنِ حکیم کی کلاس بھی پابندی کے ساتھ جاری ہے۔علاوہ ازیں خادمین کی دینی تربیت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر 15 منٹ کی کلاس بھی پابندی کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے جس میں خادمین کو آدابِ زندگی، نماز کے بنیادی مسائل اور مسنون دعاؤں کی تعلیم دی جاتی ہے۔ نیز بعد نمازِ عصر مسجد میں نماز کے بنیادی مسائل کی تعلیم بھی ہوتی ہے۔

ادارہ ھٰذا میں مرکز تعلم و تحقیق کے تحت ایک وسیع و عریض لائبریری بھی موجود ہے۔ گزشتہ ماہ تقریباً 200 نئی کتب اور دو رسائل کا اضافہ ہوا۔ اس طرح لائبریری میں کتب کی تعداد تقریباً 9000 ہو گئی۔اور رسائل کی مجموعی تعداد 95 ہو گئی۔ان سب کے ساتھ ماہانہ درسِ قرآن و حدیث کا اہتمام بھی الحمد للہ پابندی کے ساتھ جاری ہے جس کی ذمہ داری محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے پاس ہے۔ گزشتہ ماہ 5 تقریباتِ نکاح بھی منعقد کی گئیں۔ادارہ ھٰذا میں ایک مسجد بھی زیرِ تعمیر ہے جو ان شاء اللہ ماہ مارچ کے آغاز میں مکمل ہو جائے گی ۔ ان شاء اللہ انجمن خدام القرآن سندھ کے نگران جناب حافظ عاکف سعید صاحب خطابِ جمعہ سے اس مسجد کا افتتاح فرمائیں گے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

چوتھا ادارہ ۲۰۰۶ء میں گلستانِ جوہر میں قائم ہوا۔ یہ ابھی قرآن انسٹیٹیوٹ کا درجہ رکھتا ہے۔ یہاں بھی رجوع الی القرآن کورس کی تدریس ہوتی ہے۔اس کے علاوہ دوپہر میں ناظرہ کے مدرسے کا اہتمام بھی ہوتا ہے۔علاوہ ازیں ہفتہ وار بنیادوں پر عربی گرامر کورس بعنوان ”لسان القرآن“ بھی جاری ہے۔ادارہ ھٰذا میں ایک مسجد بھی قائم ہے جس میں مدیرِ ادارہ جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب خطابِ جمعہ ارشاد فرماتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ نمازِ فجر کے بعد بالغان کے لیے ناظرہ قرآنِ حکیم کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ نیز نمازِ فجر میں تلاوت کردہ قرآنِ حکیم کا ترجمہ بھی بعد از نماز پیش کیا جاتا ہے۔ اسی طرح نمازِ عصر کے بعد تذکیر بالحدیث کے ضمن میں الادب المفرد کا بیان بھی جاری ہے۔اس کے ساتھ ساتھ تنظیم اسلامی کے اجتماعات بھی ادارہ ھٰذا میں منعقد ہوتے ہیں۔ گزشتہ ماہ 18 اجتماعات منعقد کیے گئے۔

## قرآن مرکز لانڈھی

پانچواں ادارہ جو انجمن خدام القرآن سندھ کے زیرِ نگرانی قائم ہے وہ قرآن مرکز لانڈھی ہے۔ یہ ادارہ ۲۰۰۷ء میں قائم ہوا۔ یہاں مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ قائم ہے جس میں بچوں کی تعداد 46 ہے۔ اسی طرح مدرسۃ البنین والبنات بھی قائم ہے۔ جس میں تقریباً 114 بچے اور بچیاں ناظرہ قرآنِ حکیم کی تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ شام کے اوقات میں تجوید القرآن اور عربی گرامر کی کلاسز کا انعقاد بھی ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ۱۵ روزہ درسِ قرآن بھی منعقد ہو رہا ہے جس کی ذمہ داری ادارے کے ناظم جناب محمد ہاشم صاحب ادا کررہے ہیں۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

انجمن خدام القرآن سندھ کے زیرِ نگرانی جاری رجوع الی القرآن کورسز میں مختلف مواقع پر محاضرات و مواعظ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ان محاضرات کا مقصد شرکاء کی اصلاح، علم میں اضافہ اور اس دور میں دینی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے لائحہ عمل کی وضاحت ہے۔ اس تحریر کا مقصد ماہانہ بنیادوں پر منعقدہ خصوصی محاضرات کا تعارف ہے۔اس کے علاوہ بھی ان مراکز و اکیڈمیز میں متفرق موضوعات پر دروس کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں عوام الناس کو بھی شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ماہِ جنوری میں منعقد ہونے والے خصوصی محاضرات میں ”میرا گھر میری ذمہ داری“ شامل ہے جس میں تدریس کے فرائض قرآن اکیڈمی کورنگی کے مدیر، محترم استاذ نعمان اختر صاحب نے ادا کیے۔انہوں نے گھر میں مختلف کردار کے اعتبار سے کام کرنے کے طریقہ کار پر مفصل گفتگو فرمائی اور انتہائی قیمتی نصائح سے شرکاء کو نوازا۔اس کے علاوہ استاذ حبیب الرحمٰن صاحب نے ”سوشل میڈیا کا استعمال“ پر گفتگو رکھی۔ ان سب کے علاوہ ماہانہ درسِ قرآن و حدیث میں محترم استاذ شجاع الدین شیخ صاحب نے ”خود احتسابی“ کے موضوع پر خطاب فرمایا جس میں انہوں نے اپنا جائزہ لینے کے حوالے سے مفصل گفتگو رکھی۔

قرآن اکیڈمی کورنگی میں ماہِ جنوری میں منعقد ہونے والے خصوصی محاضرات میں ”جہاد فی سبیل اللہ“ شامل ہے جس کی تدریس مدیر ادارہ جناب استاذ نعمان اختر صاحب نے فرمائی۔اس کے علاوہ علامہ اقبالؒ کی نظم ”ابلیس کی مجلسِ شوریٰ“ بذریعہ ویڈیو ڈاکٹر اسرار احمدؒ دکھائی گئی۔ یہ نظم علامہ اقبال کی فکر کا شاہکار ہے جس میں انھوں نے دورِ جدید کے فتنوں کو ابلیس کی زبانی بہت خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں رجوع الی القرآن کورس میں ناظمِ تعلیم قرآن اکیڈمی فیصل آباد جناب استاذ انجنیر فیضان حسن صاحب نے گفتگو رکھی۔ جس میں انھوں نے طلبہ و طالبات کو نصیحت کرتے ہوئے خاص طور پر اسلاف کے ساتھ اپنے تعلق کو مضبوط کرنے پر زور دیا۔ اس کے علاوہ ”اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام“ کے موضوع پر قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے مدیر جناب استاذ ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے لیکچر دیا۔ جس میں انھوں نے ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی کتاب کا مطالعہ کروایا۔ اس کے علاوہ جناب استاذ محمد ارشد صاحب نے ”جہاد فی سبیل اللہ“ کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو رکھی۔ان سب کے علاوہ ماہانہ درسِ قرآن و حدیث میں محترم استاذ شجاع الدین شیخ صاحب نے ”خود احتسابی“ کے

موضوع پر خطاب فرمایا۔ جس میں تقریباً 100 حضرات اور 60 خواتین نے شرکت کی۔

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستانِ جوہر میں ''اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام'' کے عنوان سے خصوصی محاضرہ منعقد ہوا۔ جس کی تدریس جناب استاذ ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے کی۔ اس کے علاوہ ایک خصوصی سوال و جواب کی نشست بھی منعقد ہوئی جس میں جناب استاذ شجاع الدین شیخ صاحب نے شرکاء کے سوالات کے جوابات دیے۔

## انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت ہونے والی دیگر علمی و دعوتی سرگرمیاں

## شعبہ مطبوعات

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت شعبہ مطبوعات مصروفِ کار ہے۔ گزشتہ ماہ دو کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع ہوئے۔

جناب حافظ انجینیر نوید احمد صاحبؒ کے تالیف کردہ ''منتخب نصاب: نکات برائے تدریس'' کے حصہ پنجم کا چھٹا ایڈیشن 1100 کی تعداد میں شائع ہوا۔ اس ایڈیشن کی خاص بات یہ ہے کہ پہلی بار حصہ پنجم کو دو رنگوں میں اچھے کاغذ پر چھاپا گیا ہے۔ قرآنی آیات، احادیثِ مبارکہ، عنوانات وغیرہ کو سرخ رنگ سے نمایاں کیا گیا ہے۔

جناب حافظ انجینیر نوید احمد صاحبؒ کی مرتب کردہ کتاب ''عربی گرامر برائے قرآن فہمی'' کا سولواں ایڈیشن 1100 کی تعداد میں شائع ہوا۔ جس میں پہلی مرتبہ الحمد للہ قرآنِ حکیم کے متن کو اصل رسم الخط کی صورت میں مرتب کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے رسم الخط میں کچھ اغلاط تھیں۔ اس کے ساتھ کتاب کی کچھ اغلاط کو بھی درست کر دیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ ''تزکیہ نفس''، ''منتخب نصاب حصہ ششم''، ''ترجمہ برائے درس و تدریس حصہ ہفتم'' پر کام جاری ہے۔

## شعبہ سمع و بصر

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت شعبہ سمع و بصر مصروفِ کار ہے۔ شعبے کے لیے جدید ترین سہولیات سے مزین اسٹوڈیو اور آڈیو وڈیو ایڈیٹنگ کے آلات موجود ہیں جن سے تیار ہونے والے پروگرامات مختلف ٹی وی چینلز پر نشر کرنے کے لیے بھیجے جاتے ہیں اور اس کے ساتھ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے گزشتہ ماہ ایک ٹاک شو کا آغاز کیا گیا ہے جس میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل زیرِ بحث لائے جاتے ہیں اور ان مسائل کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت سے ہمیں کیا رہنمائی ملتی ہے اس پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب سہیل احمد صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ اب تک قرآن فورم کے 12 پروگرام ریکارڈ ہو چکے ہیں جن میں یہ موضوعات زیرِ بحث لائے جا چکے ہیں: ''قرآنِ حکیم: تعارف، عظمت اور حقوق''، ''قرآن اور صاحبِ قرآن ﷺ''، ''سیرت النبی ﷺ اور ہمارے معاشرے کا تقابل''، ''سنتِ رسول ﷺ کا جامع تصور''، ''خدمتِ خلق''، ''والدین کے حقوق''، ''اسلام میں نکاح کا تصور''، ''شوہر اور بیوی کے حقوق و فرائض''، ''مذہبی رواداری''، ''اولاد کے حقوق''۔ اس کے علاوہ مختلف پروگراموں میں سے 17 مختلف عنوانات پر 5 منٹ پر مشتمل مختصر دورانیہ کے کلپس علیحدہ کر کے سوشل میڈیا پر شیئر کیے گئے۔ ان سب کے علاوہ ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں اور ہر ماہ کے پہلے ہفتے کو قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں ایک دعوتی پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے جس میں جناب شجاع الدین شیخ صاحب مختلف موضوعات پر خطاب فرماتے ہیں۔ اس پروگرام کی ہر ماہ باقاعدگی سے ویڈیو ریکارڈنگ کی جاتی ہے جسے ایڈیٹنگ کے بعد قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں گزشتہ ماہ جنوری میں "خود احتسابی" کے موضوع پر پروگرام ریکارڈ کیا گیا اور ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا گیا۔ مزید برآں اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے پروگرام

"مطالباتِ قرآن" اور "بیان الہدٰی" ہر ہفتہ نشر ہو رہے ہیں جس میں تدریس کی ذمہ داری محترم شجاع الدین شیخ صاحب اور محترم انجینیر نعمان اختر صاحب ادا فرما رہے ہیں۔

## قرآن اکیڈمی فیصل آباد کے اساتذہ کرام وطلبہ کا کراچی کا مطالعاتی دورہ

قرآن اکیڈمی فیصل آباد، انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے ماتحت ادارہ ہے۔ جو کہ بانی تنظیم اسلامی کے پرانے اور قریب ترین ساتھی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب کی زیر نگرانی کام کر رہا ہے۔ وہاں کے سینئر استاذ انجینئر فیضان صاحب کی زیر قیادت طلبہ کا ایک وفد انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے مراکز اور اس کے ماتحت چلنے والی اکیڈمیز و اسکول کے مطالعاتی دورہ کے لیے کراچی تشریف لایا۔

وفد 27 دسمبر 2018 کو کراچی پہنچا اور اسٹیشن سے ہی قرآن اکیڈمی کورنگی اور دی ہوپ اسلامک اسکول کے دورے کے لیے روانہ ہوا اور ان مقامات کا دورہ کیا۔ مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی محترم استاذ نعمان اختر صاحب نے وفد کے شرکاء کو اکیڈمی کا دورہ کروایا۔ وہاں سے فراغت کے بعد وفد قرآن اکیڈمی ڈیفنس پہنچا اور اس کا تفصیلی دورہ کیا۔ ناظم تعلیم جناب استاذ محمد نعمان صاحب نے وفد کو اکیڈمی کا دورہ کروایا۔ بعدازاں مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس سے بھی وفد کی ملاقات ہوئی۔

28 دسمبر 2018 کو مدیر قرآن اکیڈمی یاسین آباد، محترم جناب سید سلیم الدین صاحب نے وفد کو اکیڈمی کا تفصیلی دورہ کروایا اور اکیڈمی میں جاری تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں سے روشناس کرایا۔ جناب انجینیر فیضان حسن صاحب نے رجوع الی القرآن کورس سال اول کے طلبہ وطالبات کے سامنے کچھ نصیحت آموز گفتگو بھی رکھی۔ پھر وفد کے شرکاء قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر تشریف لے گئے اور وہاں جاری تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں سے آگاہی حاصل کی۔ بعدازاں مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب سے بھی ملاقات کی اور جمعہ بھی وہیں ادا کیا۔

29 دسمبر 2018 کو وفد کراچی کی مشہور و معروف دینی درسگاہ دارالعلوم کراچی پہنچا جہاں الحمد للہ احباب دارالعلوم نے بہت ہی محبت کا اظہار کیا اور دارالعلوم کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا اور نائب مفتی دارالعلوم کراچی، محترم جناب مفتی عبدالمنان صاحب نے قیمتی نصائح سے نوازا۔ وہاں سے فراغت کے بعد انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کی نمایاں شخصیت، استاذ محترم جناب انجینئر نوید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی قبر کی زیارت کی۔ یہاں سے یہ وفد انجمن خدام القرآن کے مرکزی دفتر پہنچا اور یہاں کے دفاتر کا دورہ کیا نیز صدرِ انجمن جناب ثاقب رفیع شیخ صاحب، سیکریٹری انجمن، جناب سلمان اشرف صاحب اور سید نسیم الدین صاحب سے تفصیلی ملاقات بھی کی۔

بعدازاں یہ وفد واپس قرآن اکیڈمی یٰسین آباد پہنچا۔ یہاں ان کی ملاقات مدیر تعلیم، جناب شجاع الدین شیخ صاحب اور تنظیم اسلامی کے نائب ناظم اعلیٰ جناب اظہر ریاض صاحب سے ہوئی۔

30 دسمبر 2018 کو علی الصبح یہ وفد جامعۃ الرشید پہنچا وہاں جامعہ کے استاذ محترم جناب مفتی رشید احمد صاحب نے وفد کا پرجوش استقبال کیا اور جامعہ کے تمام شعبہ جات کا دورہ کروایا اور وہیں مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب مدظلہ سے بھی ملاقات کروائی۔ وہاں سے بہت ہی حسین یادوں کے ساتھ رخصتی ہوئی وہاں سے واپسی پر گلشن اقبال میں قائم مدرسۃ الانوار پہنچے جہاں مدرسہ کے مہتمم جناب مولانا خورشید حیدر صاحب سے ملاقات ہوئی بعدازاں انہوں نے مدرسہ میں جاری حفاظ عربی و انگلش کورس میں زیر تعلیم طلبہ کی کلاسز کا دورہ کروایا۔ ان بچوں کو دو سال میں عربی و انگلش دونوں زبانیں سکھائی جاتی ہیں۔ طلبہ کی استعداد اور طلبہ کا عربی و انگلش میں روانی کے ساتھ تقاریر سن کر وفد کے شرکاء بہت خوش اور حیران ہوئے۔ اس مدرسہ میں بچوں کو ان دونوں زبانوں کے ساتھ اولیٰ اور ثانیہ درجے تک کی تعلیم بھی دی جاتی ہے بعدازاں ان بچوں کا داخلہ جامعۃ الرشید یا دارالعلوم کورنگی میں ہو جاتا ہے جہاں سے یہ بچے عالم کا کورس مکمل کرتے ہیں۔ شام کو وفد کے شرکاء کراچی کینٹ اسٹیشن سے فیصل آباد کے لیے روانہ ہوگئے۔

آخر میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان تمام ساتھیوں کو جزائے خیر سے نوازے جنھوں نے اس دورہ کے حوالے سے انتظامات کو احسن طریقے سے پورا کیا۔ (آمین)